بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم و رحمۃ اللہ

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ روزہ کی حالت

میں (vicks inhaler)

① انہیلر جسے نزلہ وغیرہ میں سونگھا جاتا ہے مفسد صوم ہے یا نہیں۔ اور ② آکسیجن (oxygen) کا پہونچانا مفسد صوم ہے یا نہیں۔ اور ③ دمہ (asthama) کے علاج کے لئے (asthametic inhaler) انہیلر کا استعمال مفسد صوم ہے یا نہیں۔ اور ④ بھپارا (inhaletion) جسے ناک کے ذریعہ اوپر کی طرف کھینچا جاتا ہے مفسد صوم ہے یا نہیں۔

برائے مہربانی تسلی بخش جواب مرحمت فرمائیں۔

سائل

(دارالافتاء)

الجواب حامداً ومصلیا (۹صفر المظفر ۱۴۳۰)

۱ــــ عام انہیلر کے بارے میں ماہرینِ فن یہ کہتے ہیں کہ اس کے اسپرے کے ذرات حلق تک پہنچ جاتے ہیں، اور چونکہ حالتِ روزہ میں دوا یا غذا حلق تک پہنچنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اس لئے ایسے انہیلر کے اسپرے سے روزہ ٹوٹ جائیگا۔
(ماخذہٗ التبویب ۸۳۶/۸)

۲ــــ اگر مریض کو دی جانے والی مصنوعی آکسیجن، عام ہوا میں پائی جانے والی آکسیجن پر ہی مشتمل ہو اور اسمیں کسی شکل میں کوئی دوا یا مادی چیز بالکل شامل نہ ہو تو اس سے روزہ فاسد نہیں ہوگا اور اگر اسمیں کسی بھی شکل میں کوئی دوا، یا مادی چیز شامل ہو تو روزہ فاسد ہو جائیگا۔ (ماخذہٗ التبویب بتصرف یسیر ۵۱۵/۷۵)

جاری ہے……

۳ـــــ انہیلر کے استعمال سے چونکہ دوا کے ذرات حلق میں پہنچ جاتے ہیں، لہذا اس کے استعمال سے روزہ ٹوٹ جائیگا، چاہے اسکا استعمال دمہ کے مرض کے واسطے ہو یا کسی اور مقصد سے ہو، البتہ اگر روزہ کی حالت میں دمہ کے مرض کیوجہ سے انہیلر استعمال کرنا پڑ جائے تو اسکی وجہ سے صرف قضاء لازم ہوگی، کفارہ واجب نہیں ہوگا۔

۴ـــــ واضح رہے کہ بھاپ خود پانی ہے، لہذا روزہ کی حالت میں بھاپ خواہ بذریعہ ناک لی جائے یا بذریعہ منہ، دونوں صورتوں میں اگر پانی حلق تک پہنچ گیا تو روزہ فاسد ہو جائیگا۔ (ماخذہ التبویب ۴۵۲/۴۰)

لمافی الشامیة ۴۱۷/۲:

"وذکر فی اول الامداد اول الباب انہ لو دخن لهذا انہ لا یکرہ للصائم شم رائحة المسك والورد ونحوهما لا یکون جوهرا متصلا کالدخان"

وفی الدر المختار ۴۲۲/۲:

"لمسافر او حامل او مرضع او مریض خاف الزیادة، الفطر یوم الحذر وقضوا لزوما ما قدروا بلا فدیة وولاء"

وفی ضابط المفطرات ص۱۶۸:

"فالحاصل انہ اذا وصل شئ من الخارج سوی الهواء والاعراض الی المعدة او الحلق او الامعاء ۔۔۔۔ افطر الصائم"۔ واللہ اعلم بالصواب

محمد دانش رفیق عفی عنہ
دارالافتاء دارالعلوم کراچی
۲۵ / ۲ / ۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح
[illegible]
۲۵ صفر ۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح
[illegible]
۲۵/۲/۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح
بندہ عبد الرؤف سکھروی
۲۵-۲-۱۴۳۰ھ